© rasailojaraid.com



استعمال ہونے والے اصطلاحات فلسفہ کی مختصر، صاف اور بے غبار تشریح ہے۔ پھر علم کلام کے مسائل کا ذکر ہے۔

کتاب کا مطالعہ کرتے وقت اس کی بہت سی خصوصیات سامنے آتی ہیں۔ علم کلام میں متاخرین کی کتابوں کے برعکس یہ کتاب انتہائی عام فہم اور سادہ اسلوب میں تحریر کی گئی ہے۔ کلامی مسائل کی تشریح و توضیح میں عام روشن کے برخلاف، قرآن سنت کی نصوص سے بکثرت استشہاد کیا گیا ہے۔ اسی طرح بعض ایسے مسائل کا بھی ذکر ہے جو عموماً علم کلام کی مروجہ کتابوں میں نہیں ملتے۔ مثلاً آپ ﷺ کے والدین کے اسلام کا مسئلہ، مردوں کے لئے قرآن کے ذریعے ایصال ثواب، مذاہب اربعہ کی حقانیت اور قرآن کی تفسیر و تاویل پر کلام وغیرہ۔ مصنفؒ نے جس مآخذ سے استفادہ کیا ہے، جابجا ان کے حوالے بھی دیے ہیں۔ ان پر ایک سرسری نظر ڈالنے سے پتا چلتا ہے کہ کن دور دراز مآخذ تک آپ کی رسائی تھی اور آپ کا مطالعہ کس قدر وسیع اور متنوع تھا۔ کتاب پر تحقیق و تعلیق کا کام مولانا سلمان حسن صاحب نے کیا ہے اور سچ یہ ہے کہ بہت محنت اور عرق ریزی سے کام لیا ہے۔ جن مصادر سے حضرت مصنفؒ نے استفادہ کیا ہے، ان تمام کے حوالہ جات آپ نے بقید صفحہ و جلد حاشیہ پر لکھ دیے ہیں۔ جن شخصیات و اعلام کا ذکر کتاب میں آیا ہے ان سب کا اجمالی تذکرہ آپ نے مستند مآخذ سے حاشیے پر درج کیا ہے جہاں پر مصنفؒ نے بیاض چھوڑا ہے وہاں آپ مآخذ کی روشنی میں مسئلہ کی تشنگی دور کرنے کی کوشش کی ہے اس کے علاوہ کتاب کے شروع میں ایک تفصیلی مقدمہ بھی سپرد قلم کیا ہے جس میں حالات مصنف، مصنفؒ کا منہج و اسلوب مآخذ، شیخ اکبر اور ملا کی قاریؒ کے متعلق حضرت مصنفؒ کا موقف وغیرہ تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں۔ مکتبہ زم زم نے اپنی سابقہ روایات کے مطابق کتاب کو بہترین سفید کاغذ، مضبوط جلد اور دیدہ زیب ٹائٹل کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس عظیم اور اہم کتاب کی اشاعت پر مکتبہ زم زم لائق صد تحسین و آفرین ہے۔ امید ہے کہ شائقین علم ان کی اس کاوش کو بنظر تحسین دیکھیں گے اور اس کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے۔

---

کتاب۔ محبت نبوی کے تقاضے مصنف مولانا محمد اکرم طوفانی صفحات ۱۴۳

ملنے کا پتہ: دفتر عالمی مجلس تحفظ نبوت' لکڑ منڈی سرگودھا

اللہ جل جلالہ اپنے شاہانہ کلام قرآن مجید میں فرماتے ہیں النبی اولی بالمومنین من أنفسھم ''نبی ﷺ کا حق مومنوں پر ان کی جانوں سے زیادہ ہے'' یہی آیت ہر مسلمان کو خاتم الانبیا ﷺ کی عزت' عظمت' شرف اور مقام و مرتبے کا تعین کرتی ہے کہ حضور ﷺ کی ذات بابرکات کتنی بلند شان والی ہے۔ زیر نظر کتاب بھی سید الکائنات حضرت محمدؐ کی عزت' عظمت' اور شان رسالت پر مر مٹنے والوں کے دلدوز اور ایمان افروز حالات و واقعات کا مجموعہ ہے جنہوں نے شان رسالت پر اپنا تن من دھن قربان کر دیا۔ تحفظ ختم نبوت کے عظیم مجاہد مولانا اکرام طوفانی اس کاوش پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ اس کتاب کے پڑھنے سے دل میں حرارت ایمانی اور عشق رسالت کا جوش و جذبہ محسوس کرے گا۔

© rasailojaraid.com